نہنگ	کومیر	واگو	مگرمچھ (مگرمچھ)	مگرمچھ	مانگرمچھ (مانگرمچ)	مگرمچھ
نہیں	نا	ناں	نہ	نئیں	نہ	نہ
نئی	نوتون	نوک	نوی	نویں	نئیں	نوٚ
نئی نویلی	نوبوبودھو	نوک پتاک	نوی نوزی	نویں نکور	نئیں نکوری (نئیں نکوری)	نو مہرِن
نَے	بانشی	نَل	شپیلۍ	بانسری	نڑ (نڙ)	نَے
نیا	نوتون	نوک	نوے	نواں	نئوں	نوٚ
نیابت	پروتینیدھتو	نائبی	نائب کیدل	قائمقامی	نیابت	نیابت
نیارا	پریتھوک	نوکیں	نوے قسم	نرالہ	نرالو	نرالہ
نیاری	پریتھوک	نوکین	د 'نیارا' مونث	نرالی	نرالی	نرالی
نیاز	آبدون	پاتیا	مخته (مسنه)	نیاز	نیاز	نیاز
نیازمند	پرارتھی	نیازمند	نیازمند	نیازمند	نیازمند	نیازمند

اردو	براہوئی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
نیازمندی	پرارتھونا	نیازگری	نیازمندی	نیازمندی	نیازمندی	نیازمندی
نیام	کھاپ	میان	تیکے	نیام	میان (میاڻ)	نیام
نیبو	نیبُو	لیموبو	لیمبو	نمبو	لیمو	لیمبُو
نیت	نیوت	نیت	نیت	نیت	نیت	نیت
نیچ	نیچ	کم ذات	نیچ	نیچ	نیچ	کم ذات
نیچا	نیچا	جہمگ	خکتہ	نیواں	هیٹھاهون (هیٺاهون)	بوٚن
نیچہ	نیچا	چِلم ِ نل	نَچہ	نیچا	نڑ (نڙ)	نلچہ
نیر	اوسرُو	آپ	اُجکے (اُبیکے)	نیر	نیر	آب
نیر	آرو	دِگہ	نور	ہور	بہ	بیہ
نیزہ	بوتوم	سیزہ	نیزہ	نیزا	نیزو	نیزہ
نیزہ باز	نیزہ دج	سعرہ دز	نیزہ باز	نیزاباز	نیزے باز	نیزہ باز
نیستاں	[illegible]	لَدَ	دنحوزنگل (دنحوحنگل)	سرُوٹی بیرا	بھڑبھانگ (سڙیانگ)	کنڈوار

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
نیستی	نیستی	نیستی	نیستی	نیستی	نیستی	نیستی
نیش	شونڈ	ڈنگ	لشه	ڈنگ	نیش	کونڈ
نیفہ	نیفا	نیپگ	بڈہ (بدہ)	نیفہ	بدانو (بدانو)	گِگَر
نیک	نیک	نیک	نیک	نیک	نیک (نیک)	نیک
نیک نامی	نیک نامی	نیک نامی	نیک نامی	نیک نامی	نیک نامی (نیک نامی)	نیک نامیٔ
نیکی	نیکی	نیکی	نیکی	نیکی	نیکی (نیکی)	نیکی
نیگ	اوپوهار	گھور	برخه	لاگ	گھور	تحفه
نِیل	نیل	نیل	نیل	نیل	نیل	نیل
نیل کنٹھ	نیل کونٹھو	کسا نیں مرغ	شینتغ (شینتغ)	نلاری	لال کنٹیانی (لال کنٹیانی)	نیل کنٹھ
نیلگوں	نیل رونگیر	نیل بوم	اسمانی رنگ (آسمانی رنگ)	اسمانی	آسمانی	آسمانٔ
نیلا	نیلا	نیلیں	اودی	نیلا	سنیرو	نیول
نیلا تھوتھا	نیلا تھوتھا	نیلا توتا	نیله توت	نیلا تھوتھا	سنیرو توتیو	نیلہ تھتھ

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
نیلام	نیلام	لیلام	لیلام	نیلام	نیلام	لیلام
نیلامی	نیلامی	لیلامی	لیلامی	نیلامی	نیلامی	لیلامی
نیلم	نیلوم	سبز	نیلم	نیلم	نیلم	نیلم
نیلوفر	پوڈو پھول	نیلیں پُل ئے	نیلوفر	نیلوفر	نیلوفر	بمُ پوش
نیلی	نیل	نیلیں	د "نیلا" مؤنث	نیلی	نیری	نیلی
نیم	نیم	نیم	نیم	نم	نم	نیم
نیم	اوردھیک	درچکے	نیم	ادّھا	ادھ (اد)	اوڑھ
نیم جان	اوردھو چیتو	نسگیں	چہ لیلہ ساہ پاتے دی	ادھ موا	نیم جان	اڑھ زموت
نیم گرم	ولوگوروم	نیم گرم	توڑم (توم)	کوسا	نھن سوسڑو (نھن سوسڑ)	نیم گرم
نین	نونون	جمّ	سترگے (سترگے)	نین	نین (نین)	رچّھ
نیند	گھوُد	واب	خوب	نیندر	ننڈ (سمڈ)	ننڈر
نیو	بھتی	بنید	بنیاد	نیہہ	آڑیو	بنیاد

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
نیوتا	آمونترون	توٹ	نیندرہ	نیوندرا	پاھت	گلہِ میوٹھ
نیولا	بیجی	نول	نوے	نبولا	نورنیٹرو (نورنیٹرو)	نوُل
نیہہ	سنیہو	دوستی	مینہ	نیو	نیھں (سیھں)	محبت

و

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وابستگی	شومپورکو	گونی	تڑون (تړون)	تعلق	وابستگی	تعلق
وابستہ	جوڑِیتو	گون	تڑلے (تړلے)	متعلق	وابستہ	سیت
واپس	پھیرا	واتر	پستنہ	واپس	واپس	واپس (پھیرت)
واپسی	پالٹ	واتری	پستنہ کیدل	واپسی	واپسی	واپٹی
واجب	واجب	واجب	واجب	واجب	واجب	واجب
واجبی	واجبی	جوڑیں	واجبی	واجبی	واجبی	واجبی
واحد	واحد	یک	یو	اِک	واحد	اکھ
وادی	اُونوتّوکا	سرشم	ٹیٹہ زمکہ (ٹیٹہ زمکہ)	وادی	وادی	وادی
وار	آگھات	حُلو	گزار (ګزار)	حملہ	وار	وار
وارث	ہک	وارث	وارث	وارث	وارث	وارث

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وارث	وارث	وارث	وراثت	وارث	وارث	وارث
وارد	آگومون کاری	آؤک	راتلونکے	وارد	وارد	وارد
واردات	گھوٹونا	سرگوست	واردات	واردات	واردات	واردات
وارنا	اُوتشورگوکورا	قولی بیغ	قربانول	وارنا	گھورن (گھورڻ)	بلاے لگُن
واسطہ	شومبوندھو	پہ	واسطہ	واسطہ	واسطو	واسطہ
واقعہ	گھوٹونا	سرگوشت	واقعہ	واقعہ	واقعو	واقعہ
واقعی	نشچوئی	جاھی	واقعی	واقعی	واقعی	واقعی
واقف	پوری چیتو	پجارو	بلد	جانوں	واقف	واقف
واقفیت	جاناشونا	دُرستی	بلدتیا	واقفی	واقفیت	واقفیت
والد	والد	پت	پلار	پیو	پیُ	مول
والدہ	والدہ	مات	مور	ماں	ماءُ	موج
والدین	والدین	پت مات	مور او پلار	ماپے	پیُ ماءُ	مول موج

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
والہ	والہ	شیدا	مین	مرمٹیا	شیدا	شیدا
وام	کورجو	وام	قرض	ادھار	قرض	قرض
واویلا	شور	واہ زاری	ځیړا انگولا (زړا انگولا)	رون پٹن	ہاءِ گھوڑا (ہاءِ گھوش)	واویلا
واہ	باہ	وہ وار	واوا	واہ	وھوا	واہ
واہمہ	کھبل	وسواس	وسواس	وسواس	سونبو	وسواس
واہی تباہی	گالاگالی	بنائی ہبادی	پوچ	بک بک	بک شک (بک شک)	واھی تباھی
واہیات	باجے	پوتاری	فضول	واہیات	واھیات	واھیات
وائے	ھائے	وائے	وَئی	ہائے	ھائے ھائ	ھائے
وبا	موھماری	ھوپ	وبا	وبا	وبا	وباہ
وبال	موصیبت	عذاب	وبال	وبال	وبالی	وبال
وغیرہ	ریتی	ھیس	طریقہ	طریقہ	طریقو	وغیرہ
وثوق	سچی نوبا	باور	باور	باور	باور	بڑھ

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وثیقہ	وثیقہ	اقرارنامہ	اقرارنامہ	اقرارنامہ	اقرارنامو	اقرارنامہ
وجاہت	شوجّا	سُررنگی	دروندخوگ کیدل (دروندحور کیدل)	خوبصورتی	وجاھت	خوبصورتی
وجد	اُولّاش	مُستی	حال	مستی	حال	وجد
وجود	اوستِیتو	است	وجود	وجود	وجود	وجُود
وجہ	کارون	سَوَب	سبب	سبب	سبب	سبب
وجیہہ	شُوندرو	یَل	خکلے رسلے	سوہنا	نھاھرَنورَہاھوکو	سدبُون
وچار	بیچار	چاروگند	فکر	سوچ	ویچار	سوچن
وچن	بوچون	قول	وعدہ	قول	وچن	واڈہ
وحدانیّت	وحدانیت	یکیّ گی	یووالے	وحدانیت	وحدانیت	وحدنیت
وحدت	ایکوتّو	یکیّ	یوکیدہ	وحدت	وحدت	وحدت
وحشت	آتونکو	گنوشلی	لیونتوب	وحشت	وحشت	وحشت
وحشی	اوشوبّھو	وَکشی	زنگلی (خنگلی)	جنگلی	وحشی	وحشی

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وداع	بیدائی	موکل	رخصت کول	وچھڑنا	موکلائی (موکلائی)	رخصت سیدُن
ودیعت	گوچھیتو	دانگیں	سپارے شوے	امانت	ودیعت	امانت
وراثت	اوتور دھیکار	وارثی	وراثت	وراثت	وراثت	وراثت
ورث	شومپوتی	میراث	میراث	ورثہ	ورثو	حصہ
وِرد	ورد	ورد	وظیفہ	وظیفہ	وظیفو	وظیفہ
وَردی	پوشاک	لبیس (سرکاری)	وردی	وردی	وردی	وردی
ورزش	بیام	ورزش	کسرت	کسرت	ورزش	ورزش
ورق	پاتا	تاک	پاڑہ (پانڑہ)	ورقا	ورق	وُرخ
ورم	پھولا	پڈام	پڑسوب (پرسوب)	سوج	سوج (سوج)	ورم
ورنہ	ناھوے	نہ تہ	کنی نو	نئیں تے	نہ تہ	ورنہ
ورود	آگومون	آیگ	راتلہ	آؤن	ورود	یُن
ورے	دورے	ادا	نیژدے	اُرے	اورے	یکُن

اُردو	براہوئی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وزارت	مونتریِّو	وزیرگی	وزارت	وزارت	وزارت	وزارت
وزن	اوجون	وزن	درونډوالے	بھار	وزن	وزن
وزنی	اوجون دار	گراں	دروند	بھاری	وزنی	گوٗب
وزیر	اوزیر	وزیر	وزیر	وزیر	وزیر	وزیر
وزیراعظم	اوزیراعظوم	مستریں وزیر	وزیراعظم	وزیراعظم	وزیراعظم	وزیراعظم
وساطت	دارا	سوٗب	وسیله	وسیلہ	وسیلو	وسیلہ
وسط	موڈھو	نیام	میز (میخ)	وچکار	وچ	منزس
وسطی	موڈھوبورتی	نیامی	د میز (د میخ)	وِچکارلا	وچولو	منزباگ
وسعت	بِستریتی	پراھی	ارت والے	کھلار	وسعت	کھُجَر
وسمہ	وسمہ	وسمہ	وسمة	وسمہ	وسمو	وسمہ
وسواس	شونڈیھو	وسواس	وسواس	وسواس	وسواس	وسواس
وسوسہ	شونکا	وسواس	وسوسه	وسوسہ	وسوسو	وسوسہ

اُردو	بنگالی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وسیع	بستریتو	پراہ	اُرت بیرت	کھُلا	وسیع	کھُول
وسیلہ	اُوپائے	سَوَب	وسیلہ	وسیلہ	وسیلو	وسیلہ
وصال	مِیلون	گندوک	یوزائے کیدل (ریوځائے کیدل)	میل	میلاپ	میلن
وصف	گُون	صفت	صفت	صفت	وصف	صفت
وصل	شونجوگ	گندوکی	یوزائے کیدل (ریوځائے کیدل)	میل	وصل	میلُن
وصول	اوشول	گِرَگ	وصول	وصول	وصول	وصول
وصولی	اوشُولی	گِرَگی	وصولی	وصولی	وصولی	وگراوُن
وصیت	وصیت	وصیت	وصیت	وصیت	وصیت	وصیّت
وضاحت	بیکھا	سرجمی	واضح کول	وضاحت	وضاحت	وضاحت
وضع	شوبھاب	کشگ (ڈول)	طورطریقہ	رنگ ڈھنگ	وضع	طریقہ
وضعدر	سوبھاسو	مڑادار	جوڑ سنبال (جوڑسنبال)	وضعدار	وضعدار	وضعدار
وضعداری	دوشنشو	مڑاداری	وضعداری	وضعداری	وضعداری	وضعداری

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وضو	وضو	وضو	چار اندرم	وضو	وضو	وضو
وطن	وطن	وطن	وطن	وطن	وطن	وطن
وظیفہ	برتی	وظیفہ	وظیفہ	وظیفہ	وظیفو	وظیفہ
وظیفہ خوار	وظیفہ خوار	گروک	وظیفہ خور	وظیفہ خور	وظیفہ خور	وظیفہ خور
وعدہ	وعدا	قول	قول	قول	وعدو	وعدہ
وعدہ وعید	وعدہ وعید	قول وعہد	قول قرار	قول قرار	قول قرار	وعدہ وعید
وعظ	وعظ	وعظ	وعظ	وعظ	وعظ	وعظ
وفا	جُودّھو	وفا	وفا	وفا	وفا	وفا
وفات	وفات	مزک	وفات	وفات	وفات	مرُن
وفد	پروتینیدھی دول	ڈل	جرگہ زجرگہ	وفد	وفد	وفد
وقار	ماھاتّو	شان	دروندوالے	وقار	وقار	وقار
وقائع	شونگباد	بازاحوال	واقع	خبراں	واقعات	واقعات

اردو	بنگالی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وقائع نگار	شونگباد داتا	احوال کار	واقعات لیکونکے	خبرنویس	واقع نگار	خبرنویس
وقت	شوموئے	وھد	وخت	وقت	وقت	وقت
وقتاً فوقتاً	شوموئے شوموئے	وھدوھدا	کلہ ناکلہ	ویلے کویلے	وقت بوقت	کُہ کُہ وقتہ
وقتی	کھوبک	وھدی	وخت سرہ	وقتی	وقتی	وقتیح
وقعت	شومّان	عزت	عزت	ساکھ	وقعت	عزت
وقف	دان	وقف	وقف	وقف	وقف	وقف
وقفہ	بیرام	ھجل	ایسارتیا	وقفہ	وقفو	ٹھیراؤ
وقوع	گھوٹونا	ظاھربوگ	کیدل	وقوع	وقوع	وقوع
وکالت	اُوکالوتی	وکیلی کار	وکالت	وکالت	وکالت (وکالت)	وکالت
وکیل	اُوکیل	وکیل	وکیل	وکیل	وکیل (وکیل)	وکیل
وگرنہ	ہاھوئے	اگہ نار	کنئی نو	ورنہ	ورنہ	نتہ
ولدیت	ولادوت	ودیگی	پیدائش	پدیش	ولادت	ذیون

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ولایت	بلات	ولایت	ولایت	ولایت	ولایت	ولایت
ولایتی	بلاتی	ولایتی	دولایت	ولایتی	ولایتی	ولایتی
ولد	ولد	چُکّ	زوے (زوئے)	ولد	ولد	نچُو
ولدیت	ولدیت	چُکّ گری	دَ پلار نوم	ولدیت	ولدیت	مول سند ناو
ولولہ	اُودّوم	جوش	جوش خروش	جوش	ولولو	جوش
ولی	ولی	ولی	ولی	ولی	ولی	ولی
ولی عہد	ولی عہد	ولی عہد	جانشین	ولی عہد	جانشین	ولی عہد
ولیمہ	ولیمہ	سیرمہمانی	دَ وادہ ڈوڈی	ولیمہ	ولیمو	وَٹھل
وہ	سے	آ	هغه	اوہ	هو	شُہ
وہاں	اوکھانے	اودا	هلته	اوتھے	اُتے (تی)	تتہ
وہم	شونڈیھو	وہم	سودا	وہم	وهم	وهم
وہمی	بھوئے گروستو	وہمی	سودائی	وہمی	وهمی	وهمی

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
وہی	شےئی	ھما	ھم ھغه	اوہوا	اھوئی	سُوی
وہیں	اوکھانے ئی	ھمود	ھم ھلته	اوتھے	اُتھین	تتھی
وَید	بوئدّو	حکیم	طبیب	حکیم	ویج (ویج)	حکیم
ویر	بیر	برات	تورزن	ویر	ویر	نُوئ
ویران	نیرجون	ویرندن	وران	وران	ویران	ویران
ویرانہ	نیرجون ستھان	ویرندان	وران ځائے (وران ځائے)	ورانہ	ویرانو	ویرانه
ویرانی	نیرجونوتا	ویرندانی	ورانیده	ورانی	ویرانی	ویرانی
ویسا	اومون ایمون	ھماوڈ	ھغه شان	اوہواجیہا	اُھڑو رُھڑو	ینتھُ
ویسی	ومون ایمون	ھماوڈ	ھغه شان	اوہواجیہی	اھڑی راھڑی	یژھ

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
			ہ			
ہاتف	ہاتف	ہاتف	غیبی آواز	ہاتف	ہاتف (ھاتف)	ہاتف
ہاتھ	ہات	دست	لاس	ہتھ	ہتھ (ھ)	اتھ
ہاتھ گاڑی	ہاتھ گاڑی	دستی گاڑی	دلاس گاڑے (دلاس گاڈے)	ہتھ گڈی	ہتھ گاڑی (ھتھ گاڈی)	اتھ گاڑ
ہاتھا پائی	ہاتا ہاتی	مشت مکونڈی	مٹ گریوان	ہتھو پائی	اچاٹ راجات	لاے لاے
ہاتھی	ہاتی	پیل	آتی	ہاتھی	ہاتھی (ھاتی)	ہوس
ہادی	ہادی	رہ دربر	ہادی	ہادی	ہادی (ھادی)	ہادی
ہار	پوراجوے	ہار	اُمیل	ہار	ہارُ (ھا)	ہارَن
ہار	مالا	پڑوش	بایلات	ہار	ہ ر (ھار)	مال
ہارنا	ہارا	ورغ	بایل	ہارنا	ہارائن (ھارائن)	ہارَن
ہاضمہ	ہاچوک	ہضم کنوغ	ہضموونکے	ہاضمے دار	ہ ضم (ھضم)	ہ ضم

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہاضمہ	ہوجوم شوکتی	ہاضمہ	ہاضمہ	ہاضمہ	ہاضمو (ھاضمو)	ہاضمہ
ہالہ	پوری مونڈول	جوہاں	روخان دائرہ	پڑ	دائرو	گوڑ
ہاں	ہں	ہو	ہو	ہاں	ہا (ھا)	اَوَہ
ہانپنا	ہانپانو	ہتکگ	سیلیدل	ہونکت	سہکن (سھکڻ)	پھرکہ وُن
ہانڈی	ہانڈی	دیگ	کٹوئی (کھوئی)	ہانڈی	کنی (ڪنی)	دغل
ہانک	ڈک	ہکل	شڑنہ ([illegible])	ہانک	ہکل (ھڪل)	چھگ
ہانکنا	ہانکانو	سردیگ	شڑل ([illegible])	ہکنا	ہکلن (ھڪلڻ)	چھگ دِن
ہاون	ہامان	دانچوپ ([illegible])	لنگری سکرئی	کھرل	ہمام (ھمام)	وکھل
ہاون دستہ	ہامان دستا	دستگ	لنگری موٹے (سکری موٹے)	ہمام دستہ	ہمام دستو (ھمام دستو)	وکھل تہ کاجہ وٹھ
ہسڑا	ہاسُڑ	دتن	غاخور (غابور)	دندلا	ڈندرو (ڏندرو)	دندانہ
ہسڑی	ہ بڑی	دننو	دلوبولوبوغاخونو ([illegible])	دندلو	ڈندری (ڏندری)	دندل
[illegible]	[illegible]	امام	بخشش	بخشش	بخشش	بخشش

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہبہ نامہ	دان پوترو	بخشش نامہ	بخشش نامہ	بخشش نامہ	بخشش نامو	ہبہ نامہ
ہتّا	ہاتّا	دستگ	لاستے	مُٹھ	ہتھیو (ھتیو)	دَنْ
ہتّک	اوپومان	بے عزتی	سپکاوے	ہتک	ہتک (ھتک)	ہتک
ہتوڑا	ہاتُوڑی	کُودینگ	سٹکے	ہتھوڑا	ہتھوڑو (ھتوڑو)	دُوکرُ
ہتھکڑی	ہات کوڑی	زمزیل	ہتکڑی (ھتکڑی)	ہتھکڑی	ہتھکڑی (ھتکڑی)	ہتھکرُ
ہتھکنڈا	شوڑوحونترو	دست کوتب	چالاکی	ہتھکنڈا	چٹ گھٹ (چٹ گھٹ)	چالاکی
ہتھنی	ہاتی	پیل (مادگیں)	اُتنزہ (سرو)	ہاتھن	ہاتھن (ھاتن)	ہیرن
ہتّھی	ہاتّا	دستگ	موٹنی موٹی	مُٹھی	ہتھی ھی	مُونٹھ
ہتھیار	ہاتیار	سِلاح	وسلہ	ہتھیار	ہتھیار (ھتیار)	ہتھیار
ہتھیانا	ہاتے نیوا	وتی کنغ	تروڑل (رروپل)	مار لینا	پھبائڻ (ڦبائڻ)	تھپ دِین
ہتھیلی	ہاتیرتالو	دل (دست)	تلے	تَلی	تری	منزاتھ
ہٹ	جید	گڑ	ضد	ہٹ	ہٹھ (ھٹ)	ضد

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہچکولا	آندولون	لوڑا	دیکہ	دھکا	جھاکو (جھکو)	دھکہ
ہچکی	ہنچکی	ہکی	اِنکی (اِہکی)	ہڑکی	ہڈکی (ھڈکی)	ہیوکھ
ہدایت	ہدایت	نیت	ہدایت	ہدیت	ہدایت (ھدایت)	ہدایت
ہدف	لوکھو	آماج	نخہ (نښه)	نشانہ	نساہو	نشانہ
ہُدہُد	کاٹھ ٹھوکرا پاکھی	مرگ سلیمانی	ملاجرگک (ملاجرگک)	چکی را	کاٹھکٹھو (ھ...)	ستُن
ہدیہ	ہدیہ	ہدیگ	تحفہ	ہدیہ	ہدیو (ھدیو)	ہدیہ
ہڈا	بولتا	ہڈّ	لوٹے اڈوکے (لوٹے اڈوکے)	ہڈّ	ہڈو (ھڈو)	آرج
ہڈی	ہاڑ	ہڈّ	اڈوکے (ادوکے)	ہڈی	ہڈی (ھڈی)	آرج
ہڈیلا	ہاڑ خوکتو	ہڈّی	غٹ ہڈے (غٹ ھڈے)	ہڈّل	ہڈالوں (ھڈلوں)	اڑحو
ہذیان	پرولاپ	لبجگ	ونے بوتے	بکارے	ہذیِن (ھذین)	فاترکتھ
ہرجائی	ہرجائی	ہرجاہی	ہردرے	ہرجائی	ہرجائی (ھرجائی)	ہرجائی
ہرچند	جودی و	ہرچینت	ہرسو (ھرسو)	بھانویں	کیترو بہ کنھن	کھنہ تہ

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہردلعزیز	جونو پرتو	ہردل دوست	دھرچا خوخ (دھرچا خوس)	ہردلعزیز	ھردلعزیز	ہردلعزیز
ہر دیگی چمچہ	چومچا	ہردیگی ہنسگ	دہردیگ سے (دھردیگ سے)	ہردیگی چمچہ	ہردیگی چمچو (ھردیگی چمچو)	چونچہ وازہ
ہرفن مولا	شوربوبدا پتارود	ہرکارے زانوک	ہرکار کے استاذ (ھرکار کیں ستاد)	ہرفن مولا	ہرفن مولا (ھرفن مولا)	ہرفن مولا
ہرکارہ	ہورکارا	ٹپال	ڈاکی (ڈاکی)	ہرکارہ	ٹپالی (ٹپلی)	ہرکارہ
ہرا	شوبوج	سوز	شین	ساوا	سائو	سبز
ہراس	بھیتی	تُرس	ویرہ	ہراس	ہراس (ھراس)	ہراس
ہراساں	بھیتو	ترسنگ	ویریدلے	ہراسیا	ہراسیل (ھراسیل)	ہراساں
ہرانا	بارنو	برگ	ماتی ورکول	ہرانا	ہارن (ھارن)	ہارناؤن
ہرج	کھوتی	عیو	تاوان	ہرج	ہرج (ھرج)	ہرج
ہرجانہ	کھوتی پورن	ڈنڈ	تاوان	ڈنڈ	ڈنڈ (ڈنڈ)	ہرجانہ
ہردے	ریدوئے	زرد	زڑہ (زڑہ)	ہردا	مَن	دل
ہرزہ سرائی	بجے کو بدو	لیحک	خوشی جبرے کول	بیہودہ گوئی	گلاخوری	بیہودہ گی

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہرگز	کچھوتیئی	بہہ	ہس کلہ نہ (ھم کلہ نہ)	ہرگز	اوس	ہرگز
ہرن	ہورِن	آسک (سوات)	اوسے	ہرن	ہرن (ھرڻ)	روس کٹ
ہرنی	ہورِن	آسک	ہوسئی	ہرنی	ہرنی (ھرڻی)	روس کچ
ہریاو	شوشّوب مولا	سبر	سنّہ	ہریاو	ساوک (سوک)	سبزار
ہریالی	شوشّوشیا مولا	سبز	شنکے	ہریالی	ساوک (سبک)	سبزار
ہریسہ	ہریسہ	وردے	ھریسہ	ہریسہ	ہریسو (ھریسو)	ہرسہ
ہریل	ہریل	چاھی کپوت	شنہ مرغے	ہریل	سنوکھی سوکی	ہریل
ہڑ	ہوڑ	بلیلہ	اَریڑہ (ریرہ)	ہریڑ	ہریڑ ھریڑ	ببیلہ
ہڑبڑانا	تاڑا تاڑی کورا	لپرز گو بوگ	وارخطکیدل	ہڑبڑنا	وبھس (ھٹس)	کھوترُ
ہڑبڑی	ہوڑبوڑ	بے قراری	وارخطائی	ہڑبڑی	ویھل (ھل)	کھوژن
ہڑدونگ	ہُوڑا ہُوڑی	شورحکّا	بلہ گُلہ (ھلہ کلہ)	ہلّا گلّا	ہنگامو (ھنگامو)	وسہ درسہ
ہڑپ	ہوجوم	ایرمر	لواڑتیرول لو رتیرول	ہڑپ	ہڑپ (ھڑپ)	سیگُس

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہڑتال	ہورتال	کارمُہتل	ہڑتال (ہرتال)	ہڑتال	ہڑتال (ہڑتال)	ہرتال
ہزار	ہازار	ہزار	زر (زرسوہ)	ہزار	ہزار (ہزار)	ساس
ہزل	پروبوشون	پُوتاری	بکواس	بکواس	بک (بک)	زٹ
ہزیمت	دوراحوئے	پروش	بایلات	ہار	ہار (ہار)	ہارُن
ہسپتال	ہاسپتال	داروجاہ	اسپتال	ہسپتال	اسپتال	ہسپتال
ہستی	جیبون	ہستی	ہستی	ہستی	ہستی (ہستی)	ہستی
ہشاش	آنوندمو	وش	خوشحال	خوش	ٹاٹائی (ٹاٹائی)	ہشاش
ہست	ہات	ہست	اَتہ	اَتھ	اَتھ (ہتھ)	اَتھ
ہست پہلو	ہاتکوں	ہست بہاد	اتہ گوتہ (اتہ گوتہ)	اُتھ کونا	اتھ کنڈو (اتکیو)	اَتھ کونجل
ہنکارنا	اونکانو	ہشتنگ	تڑول (تڑل)	ہشکارنا	ہشکار (ہشکار)	ژلہ ناوُن
ہضم	ہوجم	ہضم	ہضم	ہضم	ہضم (ہضم)	شرُین
ہفت	سات	ہپت	اُوہ	سَتّ	ست	سَتھ

کشمیری	سندھی	پنجابی	پشتو	بلوچی	بنگلہ	اُردو
سَتِم	ستون	ستواں	اُوم	ہپتمی	شوبتوم	ہفتم
ہٹہ وار	ہفتو (ھفتو)	ہفتہ	ہفتہ	ہفتگ	شوپتاہو	ہفتہ
ہکا بکا	ہکوبکو (ھکو...)	ہکا بکا	اریان دریان	چکا	ہوتوماک	ہکا بکا
فُهف	ہاتو (ہاتو)	تھتھا	ګرګرے (ګرګرے)	دَدّ	توتلا	ہکلا
فهپهر	پاتاں (...)	تھتھاما	د چے خُلَل (دوچے خُلَل)	ددّکنگ	توتلانو	ہکلانا
فهوٗپهہ	باتی (...)	تھتھی	د ہکلا مُوتت	ددّ (...)	توتلا	ہکلی
الہ بوٗن	ہَرُ (ھر)	ہل	یوے	لنگار	ہال	ہل
ہلاک	ہلاک (ھلاک)	ہلاک	مڑ	کُشتگ	دھونگسنو	ہلاک
ہلاکت	ہلاکت (ھلاکت)	ہلاکت	مرگ (مرگ)	کوش	بیناش	ہلاکت
رندر	ہلال (ھلال)	پہلی داچن	نوی میاشت	نوک	بانکاحاند	ہلال
الہ راوُن	لوڈن (...)	ہلانا	حوزول	سُرینغ	تاڑا	ہلانا
زہر	زہر (زھر)	زہر	زہر	زہر	ہولاہول	ہلاہل

اردو	براہوی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
بلبل	ہول ہول	ترُس	وارخطائی	بڑ بڑ	گھبراہٹ (گھبراھٽ)	گھبراہٹ
ہلبلانا	ہول ہولانو	ترُسگ	وارخطا کیدل	بڑبڑانا	گھبرائن (گھبرائڻ)	گھبراون
ہلبلاہٹ	ہول ہول	ترُس لرز	وارخطائی	بڑبڑی	گھبراہٹ (گھبراھٽ)	گھبراہٹ
ہلچل	گور مول	ہل بل	الغاؤ تلغاؤ	ہلچل	ہلچل (ھلچل)	وژہ راٹھ
ہلدی	ہولُود	ہلگدار	کورکمُن	ہرول	ہیڈ (ھيڊ)	لِدر
ہُلّڑ	ہوُ نوڑ	ہَڑدڑ	شور شار	ہُلڑ	ڑُبکھیڑو (راڙ ٻکيڙو)	کرکہ ناد
ہلکا	پالکا	سُبک	سپک	ہولا	ہلکو (ھلڪو)	لُوت
ہلکا پھلکا	پالکا	سُبک سُبک	ڈیر سپک (ډیر سپک)	ہولا پھُل	ہلکو پھلکو (ھلڪو ڦلڪو)	لَتُ
ہلکارنا	لیلانو	جوکارگ (کوکگ)	ہس اُش کول	ہلکارنا	ہچھ کرن (ہچ ڪرڻ)	ہوش تراوُن
ہلکان	وستھیر	ہلکاں	ستڑے ستومان (ستړے ستومان)	تھکیا ہویا	تھک (ٿڪ)	تھکمت
ہلکی	پالکہ	سُبک	سپک	ہَولی	ہلکی (ھلکی)	لُوژ
ہت	ہوبہ	خُرع	خوربدل	ہلت	چُرن چُرن (چُرڻ)	الُں

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہم	آمرا	ما	مونگہ (موتر)	اسیں	اساں (اساں)	اس
ہمدرد	ہمدورد	دردوار	خواخوگے (خواخوږے)	ہمدرد	ہمدرد (ھمدرد)	ہمدرد
ہمدردی	ہمدردی	درد واری	ہمدردی	ہمدودی	ہمدردی (ھمدردی)	ہمدردی
ہمدم	بونڈھو	ساہ	ملگرے ملگرے	ساتھی	ہمدم (ھمدم)	یار
ہمراز	ہمراز	ہمراز	ہمراز	ہمراز	ہمراز (ھمراز)	ہمراز
ہمراہ	شونگ	ہمراہ	دلارے ملگرے (دلارے ملگرے)	ساتھ	ہمراہ (ھمراہ)	سیتھ
ہم زبان	ایک بھاشار	ہم زمان	دیوے ژبے (دیوے ژبے)	ہمزبان	ہم زبان (ھم زبان)	ہمزبان
ہم زلف	شالیکارشاهی	ہمذامات	ساڈو (ساڈو)	ساڈو	سنڈھو (سنڈو)	ساجو
ہمسائگی	پروتیشیش	ہم سائگی	گوانڈ گیری (گوانڈگیری)	گوانڈ	پاڑیسرائی (پاڑیسرائی)	ہمسائگی
ہمسایہ	پروتیبیشی	ہماساھگ	گوانڈی (گوانڈی)	گوانڈی	پاڑیسری (پاڑیسری)	ہمسایہ
ہمسری	بورابوری	سروسری	برابری	برابری	ہمسری (ھمسری)	برابری
ہمشیرہ	بون	گوار	خور	بھَین	بھین ریڻ	بنہ

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہمعصر	شوموشاموئک	اَمسَر	دیوے زمانے	اِک وقتے	ہمعصر (ھمعصر)	اکی وقتک
ہموطن	ہموطن	یک ڈیہی	مدکی	ہموطن	ہموطن (ھموطن)	ہموطن
ہمارا	آمادیر	مے	زمونگہ (زموږ)	ساڈا	اسانجو	سوّن
ہما شما	آمرا	ما وشما	ما او تا	میرا تیرا	آہوساہو (آھوساھو)	میون چون
ہما ہمی	شوماگوم	گرم بازاری	گرم بازاری (گرم بازاری)	گرم بازاری	گرم بازاری	دڑوجر
ہمّت	شاہوش	ہمت	ہمت	ہمت	ہمت (ھمت)	ہمت
ہموار	شوموتول	بروبر	ہموار	پدّرا	بروبر	ہموار
ہمہ تن	آیادموستوک	پوریئیں جان	تمامی	اک جان	ہمہ تن (ھمہ تن)	اک جان
ہمہ داں	شوربوگو	ہرچی راشت	پہ ہرسہ پوہے (پہ ھرسہ پوہ)	سب جان	ہمہ دان (ھمہ دان)	ہمہ دان
ہمیشہ	چیروکال	مدام	ہمیشہ	سدا	ہمیش (ھمیش)	ہمیشہ
ہمیں	آمادیرکے	مارا	مونگہ تہ (موږتہ)	اَساں نوں	اسانکھی / اسان کی	اسہ
ہندسہ	اونکو	لیکہ	ریاضی	ہندسہ	ہندسو (ھندسو)	ہندسہ

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہنڈولا	دوبونا	گوانزغ	زانگو (زانگو)	پنگوڑا	ہندورو (ھندورو)	منزُل
ہنڈیا	ہانڑی	دیگ	کٹوئی (کٹوئی)	ہانڈی	کُنی (ڪُني)	ٹکیر
ہنر	گُون	کسب	ہنر	ہنر	ہنر (ھنر)	کسب
ہنرمند	نیپُون	کارزانت	ہنرمند	ہنرمند	ہنرمند (ھنرمند)	ہنرمند
ہنس	ہانس	ہَنج	کوتنہ	ہنس	ہنج (ھنج)	انز
ہنسانا	ہاشانو	کندینغ	خندول	ہسانا	کھلائش (کلائش)	اسہ ماوُن
ہنسائی	بینگ	مُسکرا	خندا	ہسائی	ٹھٹھول (ٹھول)	اسُن
ہنسلی	ہانسُولی	سَہتے	اوگَتُی	ہس	ہسی (ھسي)	سہ وُن
ہنس مُکھ	ہاشی مُکھ	وش طب	خندرُویہ	ہس مکھ	کھل مکھ (کل مک)	اسنہ وُن
ہنسنا	ہاشا	کندگ	خندل	ہسنا	کھلن (کلن)	اسن
ہنسوڑ	بے کوب ہشی ہاشے	وش طب	خندبدونکے	ہسوڑ	کھلنو (کلنو)	خوشہ وُن
ہنسی	ہاشی	کندگ	خندا	ہاسہ	کھل (کل)	اسُن

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہکانا	ہانکانو	سردیگ	شڑل (شړل)	ہکانا	ہکلن (ھکلڻ)	ہانکہ ناون
ہنگامہ	ہانگاما	جکاکوکار	ہلہ گلہ (ہلہ گلہ)	ہلّا گُلّا	ہنگامو (ھنگامو)	ہنگامہ
ہنگامی	ہانگامی	وہپدی	دخاصروخت	ہنگامی	ہنگامی (ھنگامی)	ہنگامی
ہنوز	ایکونو	انوں	اُس ۔	اجے	اَجا (اڄا)	وُنہ
ہنہنانا	ہون ہون کوڑا	ہتنذغ	ہرڑیدل (ھرېدل)	ہنکنا	ہنکن (ھنکڻ)	گرسزہ ہنجہ
ہوبہو	ہُو بہُو	ہمدپ	ہم پہ ہغہ شان	ہوبہو	ہوبہو (ھوبھو)	ہیو
ہوا	ہاوا	گوات	ہوا	وا	ہوا (ھوا)	ہوہ
ہوا خواہ	بوبذھو	ہیرلوٹ	خوگ من (خوږ من)	خیرخواہ	خیرخواہ	خیرخواہ
ہوا خواہی	بوبذھوتو	ہیرلوٹی	خوگ من توب (خوږ من توب)	خیرخواہی	خیرخواہی (خیرخواھی)	رُت بڑہُن
ہواخوری	ہواکھوری	گوات وری	سیل	ہواخوری	ہواخوری (ھوا خوری)	ہواخوریٔ
ہوا داری	ہواداری	ہوا داری	خیرخواہی	خیرخواہی	ہواداری (ھوا داری)	رت بڑہُن
ہو و ہوس	لوبھہ	ہرس	حرص	حرص	حرص ہوس (حرص ھوس)	طمع

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہودج	ہاؤدا	کجابہ	کجاوہ	کجاوہ	کجاوُ (کجاوُ)	ونٹہ زین
ہودہ	ہاؤدا	ہودہ	کجاوہ	ہودہ	ہودی (ھودی)	ونٹہ زین
ہوس	کاموبا	ہوس	ہوس	ہوس	ہوس (ھوس)	طمع
ہوش	گیان	ہوش	ہوش	ہوش	ہوش (ھوش)	ہوش
ہوشربا	ہوتوباک پورنو	ہوش بر	ہوش وڑونکے (ھوس وروںکے)	ہوش ربا	ہوشربا (ھوسربا)	ہوش ختم کرن ووُل
ہوش سنبھالنا	ہوش شاملانو	زاہی پانتی	خودیہ زائے ساتل (خودیہ ځاے ساتل)	ہوش سنبھالنا	سانبھر (سانبھر)	فکرہ ین
ہوشمند	بُدھی مان	ہوش مند	ہوخیار (ھوسیار)	ہوشمند	ہوشمند (ھوشمند)	عقلمند
ہوشیار	ہوشیار	ہُژار	ہوخیار (ھسیار)	ہشیار	ہوشیار (ھوسیار)	ہوشیار
ہوشیاری	ہوشیاری	ہژیاری	ہوخیارتیا (ھسیارتیا)	ہشیاری	ہوشیاری (ھوسیاری)	ہوشیاری
ہَوکا	لالشا	تانگ	طلب	ہوکا	تانگھ	طلب
ہَول	بھیتی	شمب کنگ	ویرہ	ہول	ہول (ھول)	ہول
ہولی	ہولی	ہولی	ہولی	ہولی	ہولی (ھولی)	ہولی

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہولے	آستے	مدان	پہ قلارہ	ہولی ہولی	ہوریاں (ھوریاں)	آہستہ
ہونا	ہووا	بیَع	کیدل	ہونا	ہجن (ھجن)	سپدن
ہونٹ	ٹھونٹ	لنٹ	شُونڈہ (شونڈہ)	بُلھ	چپ (چپ)	وٹھ
ہونق	بوکا	سرپُرگ	بیوقوف	بیوقوف	واڑو (واڑو)	بیوقوف
ہونہار	اُوتوتوستیل	بنگوْ	پوہان ماشوم	ہونہار	بختاور	ہونہار
ہونی	ہووونیو	بُوۆغ	شونی	ہونی	تھیئی (تھیئی)	بنن واج
ہُوہا	ہوب	ہُوہا	ہاہو	ہوہا	ہوءِ ہواءِ (ھوءِ ھوءِ)	ہُوہا
ہیبت	بھوئے	بیم	ہیبت	ہیبت	ہیبت (ھیبت)	ہیبت
ہیٹا	ہین	نُسُبک	سپک	ہوَلا	ہلکڑو (ھلکڑو)	لٹر
ہیٹی	ہِخونا	کم صل حس	سپکاوے	ہتک	ہلکڑی (ھلکڑی)	لُت
ہیجان	آزومور	حوش	جوش	جوش	ہیجان (ھیجان)	جوش
ہیچ	دجے	ہیچ	ہیس ہیچ	ہیچ	تُچھ (تچ)	ہیچ

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہیرا	ہیرا	ہیرا	الماس	ہیرا	ہیرو (ھیرو)	لال
ہیراپھیری	ہیرپھیر	رددیگ	بیابیاتلہ راتلہ	ہیراپھیری	واری پھیری (واری فیری)	ہیراپھیری
ہیرپھیر	ہیرا پھیری	رددیگ	ادلُون بدلون	ہیرپھیر	پھیرگھیر (فیرگیر)	ہیرپھیر
ہیضہ	کولیرا	لاپ رنج (لاک؟)	قے دست	ہیضہ	وبا	کالرا
ہیں	آچھین	انت	دی	ہیں	آہن (آھن)	چھ
ہینگ	ہینگ	ہنگ	اِنجہ	ہنگ	ہنگ (ھنگ)	ہیگہ
ہیئت	آکرتی	جوڑم	جوڑخت جوڑبت	ہُنتر	ہیئت (ھیئت)	ہیئتھ

ی

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
یاد	سرِیتی	یائت	یاد	یاد	یاد	یاد
یادآوری	شوروں کورا	یات گیری	یادونہ	سار	یادگیری	یادکرن
یادداشت	سوروپ	یادداشت	یادداشت	یادداشت	یادداشت	یاداشت
یاددہانی	تاگادا کورا	یات دیائینگ	یادول	یادکرائی	یادگیری	یادکرناون
یادگار	یادگار	آدگار	یادگار (یادکار)	یادگار	یادگار	یادگار
یار	یار	یار	یار	یار	یار	یار
یارباش	یارباش	یارباش	یارباش	یارباش	یارویس	یارباش
یار	شامورتھو	واک	مقدور	مجال	سگھ	مجال
یارانہ	بوندھوتو	یاری گری	یارانہ	یرانہ	یارانی (یاری)	یارانہ
یاری	بوندھوتو	یاری	یاری	یاری	یاری	یاری

اردو	براہوئی	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
یاس	تراشا	نا اُمیتی	نا امیدی	مایوسی	مایوسی	ناومیدی
یاور	شوھایوک	کمک کار	مددگار (مددگار)	مددگار	مددگار	مددگار
یاوری	شاھاجو	دزگیری	امداد	مددگاری	مددگاری	یاوری
یاوہ	باجے	پوتادی	خوشے	بیہودہ	بیہودو	بیہودہ
یاوہ گوئی	باجے کوتھابولا	پوتاری کنگ	پُوچہ ویئا	بکواس	بکواس (بکواس)	بکواس
یتیم	یتیم	چورہ	یتیم	یتیم	یتیم	یتیم
یتیمی	یتیمی	چورھی	یتیم کیدہ	یتیمی	یتیمی	یتیمی
یخ	بوروپھہ	یخ	یخ	یخ	یخ	یخ
یخنی	شوروا	یخنی (آنک)	یخنی	یخنی	یخنی	یخنٛ
یرقان	پانڈوروگ	ندوُوئی	ربڑے رربوبے	یرقان	یرقن	یرقان
یقین	نشاش	پکّ	یقین	یقین	یقین	یقین
یقیناً	نشعوئی	ا تم؛	ضرور	یقیناً	یقیناً	یقیناً

اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
یقینی	نشچوئے	الّمی	ضرور	یقینی	یقینی	یقینی
یک	ایک	یک	یو	اِک	ہک (ھک)	اکھ
یکبارگی	ہوٹات	یبارگی	یوزل (یوځل)	اکوواری	ہکدم (ھکدم)	اکہ لٹہ
یک جہتی	سرِنکھولو	یک راہی	اتفاق	اتفاق	ہیکاند (ھیکاند)	یکہ وٹہ
یکساں	سوماں	یک ڈول	یوشان	اِکوجیہا	ہک جیئرو (ھک جیئرو)	یکساں
یکسوئی	ایکاگرتا	ایمنی	جمع زڑہ (جمع زړه)	دھیان	دھیرج (ڌيرج)	دھیان
یک طرفہ	ایک پوکھیو	یک نیمگ	یو مخیز	اک طرفہ	ہک طرفو (ھڪ طرفو)	یک طرفہ
یک لخت	ایکے بارے	یک دماں	ٹوں (ټول)	اک دم	یکدم (یکدم)	یکدم
یکایک	ہوٹات	اناگت	ناساپی	جھٹ پٹ	جھٹ پٹ (جھٽ پٽ)	یکایک
یکتا	ایکاکی	بے مٹ	یکی یو	بے مثال	یکتا (یکتا)	بے مثال
یکتائی	ایکاتو	بے دروری	یو والے	بے مثالی	ہیکڑائی (ھکڙائي)	بے مثالی
یونٹ	آتیونا	وسگی	خمپلوی	اپنایت	ہک جہڑائی (ھڪ جھڙائي)	پانار

اُردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
یگانہ	آتیو	اکیلا	یَوَ	کلّو	یگانو	کَنی
یلغار	آکرومون	جُلَوْ	اَپہ	حملہ	یلغار	حملہ
یورش	آکرومون	الگار	حملہ	چڑھنی	کوڈی (کڑھی)	وتلتھ
یوم	دن	روش	ورز (ورځ)	دن	ڈینھں (ڈینھں)	دہ
یومیہ	دوئینک	دیاڑی	دورزے مزدوری	دہاڑی	دھاڑی (دھاڑی)	روزانہ
یوں	ایئی روپ	جوش	داسے	اِس طراں	ایئں (ئیں)	اِتھہ پاٹھ
یہ	اے	ایش	دا	ایہہ	ھيءُ	یہ
یہاں	اے کھانے	اِدا	دلتہ	ایتھے	ھتی	یتہ
یہی	ایئی	ہمیش	ہم دغہ	ایہو	اھوئی	یہئی
یہیں	اے کھانے ای	ہمیدا	ہم دئہ	ایتھے	ھتی	یہ تھت

پاکستانی زبانوں کا ارتقاء

پاکستان میں وادیٔ سوان میں قدیم حجری عہد کے جو ہتھیار ملے ہیں ان سے ثابت ہوتا ہے کہ ان علاقوں کے قدیم انسان آج سے کوئی پانچ لاکھ سال قبل یہاں آباد تھے۔ محققین کے نزدیک اس وقت یہاں برفانی دور ختم ہو رہا تھا۔ یہ ہتھیار زمین کی مختلف تہوں سے دستیاب ہوئے ہیں جو برفانی دور کے مختلف ادوار سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس طرح یہاں دریافت ہونے والے ہتھیار انسانی ترقی کی مختلف منازل کی نشاندہی کرتے ہیں۔ یہ سلسلہ آج سے کوئی پچاس ہزار سال قبل اختتام پذیر ہوتا ہے۔ اس کے بعد کوہستان نمک، اس کے گرد و نواح اور سندھ میں روہڑی کے مقام سے جو حجری عہد کے ہتھیار دریافت ہوئے ہیں، ان سے پاکستان میں انسانی ارتقاء کی تاریخ آج سے کوئی دس ہزار سال قبل تک پہنچ جاتی ہے۔ اسی طرح یہ سلسلہ آگے جا کر کوٹ ڈیجی کی تہذیب کو چھوتا ہے۔ کوٹ ڈیجی کے بعد ہڑپائی تہذیب کا دور شروع ہوتا ہے جو اپنے عہد کی ایک عظیم الشان شہری تہذیب تسلیم کی جاتی ہے یہاں سے ہمارا اپنا عہد شروع ہوتا ہے۔

پانچ لاکھ سال کے اس طویل عرصے میں گو کئی ایک خلا موجود ہیں لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ یہ خلا انسانی آبادی کی عدم موجودگی کے مظہر ہیں۔ بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس تمام تر عرصے میں انسان یہاں بدستور آباد رہا۔ لیکن ابھی تک ان تمام آثار تک ہماری رسائی نہیں ہو سکی۔ اس طرح یہ خلا محض ہماری تحقیق کی حد تک [illegible]

[illegible] یہ بھی ہے کہ یہاں مختلف ادوار میں بیرونی [illegible] آتے رہے [illegible] کے لحاظ سے بھی مختلف تھے۔ ماہرین کے نزدیک [illegible] اس امر کا ثبوت ہیں کہ مختلف وقتوں میں یہاں علیحدہ علیحدہ نسلوں کے لسانی گروہ وارد ہوتے رہے۔ ہڑپائی عہد کے آثار کی کھدائیوں کے دوران جو انسانی ڈھانچے دستیاب ہوئے، ان کی کھوپڑیوں کے جائزہ سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہاں اس دور میں مختلف نسلوں کے لوگ آباد تھے۔ خود رگ وید میں جو کہ ایک حد تک ہڑپائی تہذیب کی عینی شہادت کا درجہ رکھتا ہے، یہاں کی سرزمین کو پنج جن کرشتی یعنی پانچ قوموں کی سرزمین کا نام دیا گیا ہے۔ اگرچہ مفسروں نے اس بارے میں کئی ایک توضیحات پیش کی ہیں اور یہاں تک کہا گیا ہے کہ اس سے مراد خود آریاؤں کی ہی پانچ قومیں مراد ہیں لیکن رگ وید کے ذیل کے منتر سے واضح طور پر ثابت ہوتا ہے کہ اس سے مراد یہاں کی قدیم آریائی اقوام ہی ہیں۔

"پانچ قوموں نے ہمارے محافظ اندر دیوتا کے سامنے سر نگوں کر دیئے۔ وہی تمام دیوتاؤں کی سہائتا کرنے والا ہے۔"

ظاہر ہے کہ ان کے قول کی رو سے ان کے دیوتا کے سامنے سرنگوں ہونے والی قومیں غیر آریائی ہی ہو سکتی ہیں۔ اور لازماً ان پانچ قوموں کی زبانیں بھی مختلف ہوں گی کیونکہ اس دور میں قوموں کے اختلافات کا معیار سوائے لسانی اختلاف کے اور کیا ہو سکتا ہے۔

ہڑپائی تہذیب کا خاتمہ کیونکر ہوا، یہ مسئلہ تاحال متنازعہ فیہ ہے۔ ہاں اس دور کے بعد آریاؤں کا ورود ایک مسلمہ امر ہے۔ لسانی نقطہ نظر سے آریاؤں کے بعد ترک نسل کے کوشان قبیلے کی آمد اور اس کے بعد چند یونانی حکمرانوں کا دور خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ سب سے آخر میں مسلمانوں اور پھر فرنگیوں کی آمد ہے۔ یہ وہ امور ہیں کہ جنہوں نے پاکستان کی مختلف زبانوں کی تشکیل اور ان کے ارتقاء میں نمایاں کردار ادا کیا اور ان زبانوں کے باہمی امتیازات انہی امور کے اثرات کے مختلف رنگوں (Shades) کے موجب بنتے ہیں۔ گو آج یہ زبانیں ایک دوسری سے بظاہر بنیادی طور پر مختلف تصور کی جاتی ہیں۔ لیکن یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے کہ آج تک ان زبانوں کا ان کے صحیح پس منظر میں [illegible] مطالعہ نہیں کیا گیا [illegible] زبانوں کا مطالعہ [illegible] تعصب، علاقائیت پسندی اور مخصوص ذہنی رجحانات کو سامنے

۱۲۰۲ء تک یہاں کے تمام ہندو رجواڑوں کو اسلامی سلطنت میں شامل کر لیا۔ اس طرح برہمن بالادستی کے ساتھ ہی یہاں سے سنسکرت بھی اپنے سرپرستوں سے محروم ہو گئی اور مقامی پراکرت کو جو کہ اب بنگالی زبان کا روپ دھار چکی تھی آگے بڑھنے کا موقع ملا۔ دوسرے معنوں میں ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ بنگالی زبان کی ترویج و ترقی تمام تر مسلمان حکمرانوں کی مرہونِ منت ہے۔

۱۲۰۲ء سے لے کر ۱۷۶۵ء تک گو حکومتیں یکے بعد دیگرے بدلتی رہیں، لیکن پھر بھی عنانِ حکومت مسلمانوں کے ہاتھ ہی میں رہی۔ مغلوں کا زمانہ بنگالی زبان کے سنہری دور کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس عہد میں یہاں بھی شمالی ہند کی طرح صوفی مت اور بھگتی لہر نے جنم لیا اور قابلِ قدر شاعروں کو جنم دیا۔ جن میں چنڈی داس، چیتنیہ، کرتی باس، مالا دھر اور بھرت چندر رائے ہندوؤں میں اور دولت قاضی، سید علاول اور بہرام خان مسلمانوں میں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

اس عہد کے خیالات کا پتہ لگانے کے لیے ہم معدن باؤل کے کلام کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔

تومار پاتھ ڈھاکیا چھے مندرے مسجدے
تومار ڈاک شونی سائیں چلتے نا پائے
روکھیا دانڑائے گورو تے مرشدے
تو دوارے نانا تالا، پران، قرآن، تسبی، مالا

ترجمہ: تمہارا راستہ ڈھکا ہوا ہے مندروں اور مسجدوں سے۔ تمہاری آواز سنی اے خدا لیکن چل نہ سکا۔ روکا ہوا ہے میرا راستہ گرو اور مرشد نے۔ تمہارے دروازے پر پران، قرآن، تسبیح اور مالا کی طرح کے کئی ایک قفل لگے ہوئے ہیں۔

ایک معرفتی لوک گیت یوں شروع ہوتا ہے:

اللہ کی عجب کارکھانہ
گھارے گھارے تری سنسارے دتے چھے کھانا پینا
آدم کے سرشٹی کورے، جان مال رکھیا چھے معبودے
کھورا کے دتے چھے تارے دودھ کھیلی جل پانا

ترجمہ: اللہ کا کیا عجب کارخانہ ہے۔ جہاں کہ وہ سارے جہان کو آب و دانہ مہیا کرتا ہے۔ اس نے آدم ذات کو تخلیق کیا اور اس کے جان و مال کی حفاظت کی۔ اس کو دودھ، اناج، اور پانی فراہم کیا۔

جھومر کا ایک عوامی گیت بھی ملاحظہ ہو۔

ایک دوشیزہ ندی پر پانی بھرنے جاتی ہے وہاں محبوب سے ملاقات ہو جاتی ہے۔ واپس گھر دیر میں پہنچتی ہے تو گھر والوں کو اس دیر کا سبب بیان کرتے ہوئے کہتی ہے

چھوٹو ندی، چھوٹو جل
بڑو ندی، بڑو جل
بانیر سے تکھا، مابا ستے
کانیر شونا پڑی گیل
تاتے امی کھوجتے سیلام

ترجمہ: چھوٹی ندی میں تو تھوڑا پانی ہوتا ہے، لیکن بڑی ندی میں پانی زیادہ ہوتا ہے۔ (میں بڑی ندی پر) ہاتھ سے گھونگھے کی بنی چوڑی دھو رہی تھی کہ کان کا سونے کا زیور (ندی میں) گر گیا تھا اس کو تلاش کرتے دیر ہو گئی۔

پروفیسر ڈاکٹر شہید اللہ مرحوم کے قول کے مطابق اردو اور بنگالی میں تقریباً ۲ ہزار الفاظ مشترک ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ اشتراک اس سے بھی کہیں زیادہ ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اردو اور بنگالی زبانوں کے سرمایہ الفاظ کا تفصیلی جائزہ لیا جائے جس میں زیرِ نظر کاوش ایک زینے کا کام دے سکتی ہے۔

پنجابی

بنگالی کے بعد پاکستان میں پنجابی بولنے والوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔ ۱۹۷۲ء کی مردم شماری کی رو سے مغربی پاکستان کی تقریباً ساڑھے چھ کروڑ (۶،۴۸،۹۲،۰۰۰) آبادی میں پنجاب کی آبادی پونے چار کروڑ نفوس (۳،۷۶،۰۹،۰۰۰) پر مشتمل ہے جو کہ سوائے کیمبلپور اور ہزارہ کی آبادی کے مختصر سے حصے کے تمام کی تمام پنجابی بولنے والے افراد پر مشتمل ہے جو غیر پنجابی پنجاب میں آباد ہیں وہ بھی اپنی مادری زبان پشتو کے علاوہ پنجابی بھی بول سکتے ہیں۔ اگر سندھ، صوبہ سرحد اور بلوچستان میں آباد پنجابیوں کو بھی شمار کر لیا جائے تو ان کی کل آبادی چار کروڑ سے بھی تجاوز کر جاتی ہے۔ پاکستان سے باہر بھارت کے

کی یادگار ہے۔

زمانے کے بُعد کے لحاظ سے اس کے بعد منڈا زبانوں کا ذکر آتا ہے۔ یہ ایک تفصیل طلب پہلو ہے جس کے لیے یہاں گنجائش نہیں اس لیے یہاں صرف منڈا زبانوں کی اہم شاخ سنتھالی میں ماپ کے پیمانوں کا تذکرہ کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔

سنتھالی	پنجابی	اردو
لپ	لپ	لپ
پالی (ڈیڑھ سیر کے قریب ماپ)	وٹی (قریباً دو سیر کا ماپ)	
پانسلا (پانچ سیر کا ماپ)	پسیلی (پانچ سیر وزن کا گڑا)	پسیلی
کاٹ (چالیس سیر کے برابر ماپ)	کٹا (چالیس سیر وزن کی چھوٹی بوری)	

اب ہم دراوڑی زبانوں کی طرف رجوع کرتے ہیں جن کے بارے میں وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ ہڑپائی عہد میں سرزمین پنجاب میں مروج تھیں۔ یہاں ہم خورد و نوش کے بارے میں چند مثالیں دراوڑی گروہ کی نمائندہ زبان تامل سے پیش کرتے ہیں۔

تامل	پنجابی	اردو
ادوٹی	روٹی	روٹی
دہیۃ (مکھن)	پھین	پھین (اچھا گ)
کوی (سالن)	کڑی	کڑھی
شورکارے (شکر)	سکر	شکر
نیر (پانی)	نیر	نیر
ککڑی	کھکھڑی	ککڑی
کوشوکشاہ	خسخاس	خشخاش
تالی	تلنا	تلنا
کٹو	کھٹا	کھٹا
کاٹو	کوڑا	کوڑا
کارہ (نمکین)	کھارا	کھاری
مولا (جڑ)	مولی	مولی

تامل	پنجابی	اردو
کوپاری (ناریل)	کھوپا	کھوپرا

ہڑپائی تہذیب کے خاتمے پر آریا قبائل وادئ سندھ میں وارد ہوئے اور اپنے ساتھ ایک نئی زبان لائے۔ سرزمین پنجاب بھی ان نو واردوں کے لسانی اثرات سے دامن نہ بچا سکی اور زندگی کے قریب قریب ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے الفاظ پنجابی میں در آئے جیسا کہ ذیل کی مثالوں سے واضح ہے۔

سنسکرت	پنجابی	اُردو
ایکا	اک	ایک
دوا	دو	دو
تری	تن، ترے	تین
چتور	چار	چار
پنچ	پنج	پانچ
شش	چھ	چھ
سپت	ست	سات
اشٹ	اٹھ	آٹھ
ناوا	نوں	نو
داشا	دس	دس
ماتر	ماں، ماتا	ماں، ماتا
بھراتر	بھرا	بھائی
اکشی	اکھ	آنکھ
ناسا	ناس، نک	ناک
دانت	دند	دانت
پد	پیر	پاؤں
رجن	راجہ	راجہ

آریوں کے ورود اور اہل اسلام کی آمد کے دوران کوئی ڈھائی ہزار سال کے عرصے میں یہاں بے شمار قومیں آئیں اور اپنا اپنا لسانی سرمایہ ساتھ لائیں جو کہ پنجابی میں رچ بس گیا۔ مسلمانوں کی آمد کے ساتھ پنجابی میں عربی فارسی اور ترکی عنصر شامل ہو گیا۔ انیسویں صدی میں مغربی قومیں آئیں تو ان کا سرمایۂ الفاظ بھی اہل پنجاب کی زبانوں پر چڑھ

کلاسیکی پنجابی میں ضمیر واحد متکلم کی ایک صورت "ہیں" بھی ہے۔ اس کے استعمال کی مثالیں بابا فرید کے کلام اور پرانی جنم ساکھی میں ملتی ہیں۔

مثلاً۔ فریدا! پاؤں پسار کے اُٹھے پہریں سوؤں
لیکھا کوئی نہ پچھسی جے وچوں جانے ہوں

(پنجابی ادب دی مختصر تاریخ)

ترجمہ: اے فرید! دن رات پاؤں پھیلا کر سوئے رہو۔ روزِ قیامت میں تم سے کوئی حساب نہیں پوچھے گا۔ بشرطیکہ تو اپنے اندر سے "میں" کو نکال دے۔

- جند پھڑیں اداسی رہیں داسی فرقہ کے نقیروں کی طرح گھوم رہا ہوں)

- اے ماتا جیہ رجیا جہڑیاں ہاں رلے ماں میں سیں ہو چکا ہوں)

(پراتن جنم ساکھی بحوالہ پنجابی گرامر از بیوٹن)

اسمائے ضمیر کے اس تقابلی مطالعہ سے پنجابی اور سندھی ضمائر کا سنسکرت سے اختلاف اور دراوڑی زبانوں سے مطابقت بالکل واضح صورت میں سامنے آجاتی ہے۔ یہ پنجابی اور سندھی ضمائر کی حالتِ اضافی میں "دا، دی" اور سندھی "جو" کی علامتیں دراوڑی زبانوں کی اضافی علامتوں "دا، ڈا، اور نا" کے مترادف ہیں۔

جس طرح پنجابی زبان کا نام پانچ دریاؤں کی سرزمین سے نسبت رکھتا ہے، اسی طرح دریائے سندھ کی نسبت سے سندھ کی زبان سندھی کہلاتی ہے۔ عام نظریات کی رُو سے سندھی تاریخ کا مختصر سا خاکہ یوں ہے کہ سندھی زبان وراچڈا نامی اپ بھرنش سے نکلی جو کہ پانچویں صدی عیسوی کے لگ بھگ پورے سندھ اور پنجاب کے جنوب مغربی علاقے میں مروج تھی۔ مسلمانوں کی آمد سے عربی، فارسی اور ترکی کے عناصر بھی سندھی میں سرایت کر گئے۔ اہلِ مغرب آئے تو اپنے ساتھ مغربی بولیاں لائے جو کہ برصغیر کی دیگر زبانوں کی طرح سندھی زبان کے لسانی سرمایہ کا بھی حصہ بن گئے۔

جغرافیائی لحاظ سے سندھ کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اول سیرو جو کہ سنسکرت کے شیرو یعنی سر سے ماخذ ہے، یعنی بالائی سندھ یعنی سندھ کا پنجاب سے ملنے والا حصہ اور سکھر کے علاقے کا بڑا حصہ اسی میں شامل شمار کیا جاتا ہے۔ دوسرے لاڑ یعنی نچلا۔ اس میں کراچی کا تمام علاقہ اور حیدر آباد کا نصف علاقہ شامل ہے۔

تیسرے وچولو یعنی درمیانہ۔ سرو اور لاڑ کا درمیانی حصہ وچولو کہلاتا ہے۔ چوتھے تھار یعنی ریگستان کا علاقہ۔ یہ تھرپارکر کے علاقہ پر مشتمل ہے۔ قدیم سنسکرت لٹریچر میں اہل سندھ کے لیے سندھیہ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اسی طرح زیریں سندھ کو لاڑ اور یہاں کے باشندوں کو لاڑی بیان کیا گیا ہے اور سرائی کے معنی ہیں، سرو یعنی بالائی سندھ کا باشندہ۔ اسی نسبت سے محققین نے سندھ کی زبانوں کو چار گروہوں میں تقسیم کیا ہے یعنی سرائیکی یا سریلی بالائی سندھ کی زبان۔ لاڑی زیریں سندھ کی زبان۔ وچولی درمیانی سندھ کی زبان۔ تھریلی یعنی تھر کے علاقے کی زبان۔ اسی طرح کاٹھیاواڑ اور کچھ کے علاقے کی زبان کچھی کہلاتی ہے۔

پشتو

آج سے چند سال قبل پشتون قوم کی ابتداء کے بارے میں تمام تر نظریات اساطیری کہانیوں کا حصہ نظر آتے تھے۔ "مخزن افغانی" کے مصنف خان جہان لودھی کا قول ہے کہ پٹھان قوم حضرت یعقوبؑ کی اولاد ہے اور یہودی نسل سے تعلق رکھتی ہے۔ "توزک افغانی" کے مصنف مولوی محمد عباس نے انہیں منذک کی نسل سے بیان کیا ہے۔ "مرآۃ الدہر" کے مصنف حاجی حسین خان سندیلی نے پٹھان قوم کو حضرت ابراہیمؑ کی اولاد بیان کیا ہے۔ کچھ زیادہ عرصہ نہیں گذرا کہ یونان سے ماہرین کا ایک گروہ یہ پتہ لگانے کے لیے صوبہ سرحد میں آیا تھا کہ پٹھان کہیں سکندر مقدونی کے بچے ہوئے لشکر کی نسل سے تو نہیں لیکن ان کی تحقیق کے نتائج سامنے نہیں آئے۔

جدید تحقیق کی روشنی میں یہ دعوے کیا جاتا ہے کہ پشتون کی اصل "رگ وید" میں آنے والا لفظ پکتھ ہے۔ جو کہ آریائی قبیلے کا نام تھا جو کہ ویدک عہد میں شمال مغربی سرحدی صوبہ میں آباد تھا۔ اس لحاظ سے جیسا کہ ڈاکٹر شہید اللہ نے بیان کیا ہے، پشتو ہند یورپی زبانوں کے گروہ کی "آریائی" شاخ سے تعلق رکھتی ہے اور آریائی شاخ کی چھوٹی شاخ ایرانی سے ماخذ ہے لیکن اس میں بعض دردی گروہ (پاشنگی، واخی، ویدغی اور تیراہی وغیرہ) کی بعض صوتی خصوصیات بھی موجود ہیں۔

میرے خیال میں پشتو زبان کے مختلف عناصر کا صحیح صحیح تعین کرنے

کے لیے بھی مزید غور کی ضرورت ہے۔ کیونکہ جب سے برصغیر کی تاریخ شروع ہوتی ہے، صوبہ سرحد ہمیشہ مختلف جنگجو قبائل کی گذرگاہ رہا ہے۔ یہ جنگجو چاہے مشرق کی طرف سے چین ترکستان کی طرف سے آئے ہوں، شمال میں وسط ایشیا سے یا پھر مغرب میں یونان، ایران اور عرب وغیرہ سے آئے ہوں۔ ان تمام اقوام نے مل کر پشتونوں کی تشکیل میں حصہ لیا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان قبائل کی مختلف زبانوں نے بھی یہاں اپنا اپنا اثر ضرور چھوڑا ہوگا۔

سب سے توجہ طلب مسئلہ آریاؤں سے قبل کا لسانی عنصر ہے۔ مثال کے طور پر جب آریا لوگ وادیٔ سندھ میں قدم رکھ رہے تھے تو سیاسی تک کے کناروں پر بسی قوم "سندھی" جو کہ دریا کو (سندھ) کہتی تھی۔ اسی نسبت سے آریاؤں نے اس دریا کو بھی سندھ کا نام دے دیا اور اسی سندھ سے ہند، ہند، ہندوستان، انڈیا اور صوبہ سندھ کا نام پڑا۔ خود بھارت کے باشندے اسی نسبت سے اپنے آپ کو ہندو کہتے ہیں۔ اور یہ سند بمعنی دریا کا لفظ آج بھی پشتونوں کے سرمایۂ الفاظ کا حصہ ہے۔ ایک روسی مستشرق وی سے ماٹیف کا قول ہے کہ "پشتو میں لٹوی اصوات جو کہ آریائی اصوات کا حصہ نہیں ہیں، لازمی طور پر دراوڑی زبانوں سے ماخذ ہیں"۔

پشتو زبان میں آریاؤں سے قبل کے عنصر کے بارے میں میں نے اپنی کتاب "اردو زبان کی قدیم تاریخ" میں مختصر طور پر بحث کی ہے۔ یہاں اسی قدیم عنصر کی ایک دو مثالیں پیش کی جا رہی ہیں۔

پشتون علاقہ میں بستیوں کے ناموں میں کئی ایسے سابقے یا لاحقے موجود ہیں جو کہ بہت ہی قدیم لسانی روایات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ مثلاً ایک لفظ "ڈگ" ہے جو کہ اگرچہ پشتونوں کی لغات میں نہیں آتا ہے۔ لیکن اس کے استعمال کی کئی ایک مثالیں ملتی ہیں جیسے کہ کوہاٹ کے نزدیک ایک ندی کا نام منڈی ڈاگ (منڈی۔ چھوٹی، ڈاگ، ندی، نالہ، نہر وغیرہ)۔ اسی طرح مردان کے نواح میں ایک پارک کا نام ڈاگ بیران ہے۔ اس کو ڈگ کہلانے کی وجہ یہ ہے کہ اس کے نزدیک کلپانی نالہ بہتا ہے۔ جب اس میں سیلاب آتا تھا تو یہ میدان ایک جھیل کی شکل اختیار کر لیتا تھا۔ صوبہ سرحد میں بستیوں کے اسی قسم کے نام کثرت سے آتے ہیں جن میں ڈاگ کا سابقہ موجود ہے، جیسے کہ ڈگ اسمٰعیل خیل، ڈاگ بیسود، ڈاگی جدید، ڈاگی قدیم، ڈاگی خیل وغیرہ۔ یہ لفظ پنجابی کے لفظ ڈھوک اور جھوک اور سندھی جھوک بمعنی ندی، نالہ، نہر یا چشمہ کے کنارے آباد گاؤں سے منسلک ہے۔ اس طرح اس کا سلسلہ منڈاری زبان کے لفظ "داگ" اور سنتھالی کے "داک" بمعنی ندی، نہر، چشمہ وغیرہ یا ان کے کنارے آباد گاؤں سے جا ملتا ہے۔ جیسے کہ منڈا قبائل کی بستیوں کے ناموں سے ظاہر ہے۔ مثلاً ہوتانگ، جامو داگ اور لاہاردگ وغیرہ۔ منڈاری لفظ داگ (سنتھالی داک) کے معنی پانی، نہر یا چشمہ یا ان کے کنارے آباد بستی کے ہیں۔

اسی طرح منڈاری زبان میں چھوٹی بستی کے لیے "کیل" (بونن کھیل) کا لفظ مستعمل ہے، جیسے کہ اودی کیل، سمبوکیل، ٹونگ کیل وغیرہ۔ صوبہ سرحد میں کے بمعنی گاؤں یا بستی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جیسے کہ کلے علی زئی، کلے خدری زئی اور کلے چکر کوٹ وغیرہ۔

اگر تحقیق کی جائے تو اس پہلو میں مزید حقائق سامنے آنے کی اُمید ہے۔

بلوچی

فی زمانہ بلوچ قبائل نہ صرف بلوچستان میں ہی آباد ہیں بلکہ سندھ اور پنجاب کے علاوہ ایران، افغانستان، بھارت، ترکمانیہ اور سعودی عرب کے جنوب مشرقی ساحل پر بھی آباد ہیں۔ اعداد و شمار کی رُو سے دنیا میں بلوچ قبائل کی کل تعداد کوئی (۲۵۰۰۰۰۰) پچیس لاکھ کے لگ بھگ ہے۔ پاکستان میں (۱۵۰۰۰۰۰) پندرہ لاکھ، ایران (۶۰۰۰۰۰) چھ لاکھ، افغانستان (۲۰۰۰۰۰) دو لاکھ، بھارت (۵۰۰۰۰) پچاس ہزار، روس (۴۰۰۰۰) چالیس ہزار اور عرب ممالک میں (۱۰۰۰۰) دس ہزار۔

گو پاکستان میں بلوچ قبائل کی تعداد پندرہ لاکھ ہے۔ لیکن یہاں بلوچی بولنے والے قبائل کی تعداد کوئی گیارہ لاکھ کے قریب ہے۔ یعنی سندھ میں ساڑھے چار لاکھ، کراچی میں ایک لاکھ اور بلوچستان میں تقریباً پانچ لاکھ۔ پنجاب میں بسنے والے کوئی چار لاکھ بلوچ قبائل

نے پنجابی زبان کو بتایا ہے۔

بلوچ نام کی وجہ تسمیہ کے بارے میں مختلف آراء پیش کی جاتی ہیں۔ مشہور مستشرق ہرزفیلڈ (E Herzfeld) کا کہنا ہے کہ اس کا ماخذ قدیم اوستائی لفظ برواوچیہ یعنی اونچا بولنے والا ہے۔ لانگ ورتھ ڈیمز (M Longworth Dames) کی رو سے بلوچ کے معنی ہیں "مرغ کی کلغی" اور اس امر کی شہادت موجود ہے کہ قدیم میں بلوچ قبائل کے افراد ایسے خود پہنتے تھے کہ جن پر مرغ کی کلغی کا نشان بنا ہوتا تھا۔

شروع میں یہ ایک فیشن تھا کہ "پدرم سلطان بود" کے مصداق اپنے آپ کو کسی بڑی ہستی کی اولاد سے تعبیر کرنے میں فخر محسوس کرتی تھی۔ برصغیر کی تاریخ ایسی مثالوں سے پٹی پڑی ہے۔ پشتون قوم کے بارے میں ایسی مثالیں ہم پیش کر چکے ہیں۔ اسی طرح بلوچ قبائل بھی اپنے آپ کو قریب قریب ایک اساطیری ہستی امیر حمزہ کی اولاد ظاہر کرتے ہیں جو کہ شجاعت اور جرأت کا مرقع تھا۔ ایک بلوچی گیت کا پہلا بند اس طرح ہے۔

شکر اللہ حمدا گذرا بادشاہ ملکا وطن
ما اولاد میر حمزہ یئے ان سوب درگاہ گوران

(خدا کا شکر اور حمد گذار جو کہ ملک و وطن کا بادشاہ ہے۔ ہم امیر حمزہ کی اولاد ہیں، فتح خدا کا عطیہ ہے)

ایک اور گیت اسی طرح شروع ہوتا ہے۔

رند لاشار ما بنا براتیں
جگ جیہان ئے کہ حمزہ زات ئیں

ترجمہ: رند اور لاشار (بلوچ قبائل کے نام) حقیقی بھائی ہیں۔ دنیا جانتی ہے کہ یہ امیر حمزہ کی اولاد ہیں۔

ان گیتوں کی رو سے بلوچوں کا حقیقی وطن حلب تھا۔ جہاں سے وہ کربلا میں پہنچے۔ وہاں سے بامپور اور پھر سیستان میں پہنچ گئے۔ اسی طرح سے وہ خالص عربی نسل سے ہونے کے دعوے دار تھے۔

موجودہ ماہرین کا خیال ہے کہ بلوچ قبائل ہند ایرانی لسانی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کا آبائی وطن بحیرۂ کیسپئن کا جنوب شرقی ساحل تھا کہ جہاں سے وہ پہلے کرمان، پھر مکران اور بلوچستان میں پہنچ گئے۔ یہ نقل مکانی کب اور کیوں ہوئی اس بارے میں تاریخ خاموش ہے۔

اگر بلوچی زبان کی ساخت کا جائزہ لیا جائے تو نہ تو اس میں عربی عنصر اس حد تک نظر آتا ہے کہ جس بنا پر بلوچ قبائل کو عربی الاصل قرار دیا جا سکے اور نہ ہی اس میں یورال التائی لسانی گروہ کے اثرات موجود ہیں کہ جن کو سامنے رکھ کر ان کی وسط ایشیائی اصل کو تسلیم کیا جا سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچ قبائل شروع سے ہی اس علاقے میں آباد ہیں اور آریائی لسانی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ یہاں مختلف اوقات میں مختلف نسلی گروہ آتے رہے اور جیسا کہ جناب کامل القادری صاحب نے اپنے ایک مقالہ (Balochi Language and Literature) میں بیان کیا ہے، آج کی بلوچ آبادی مختلف نسلی گروہوں کا مجموعہ ہے۔

جب آریائی لوگ مغرب سے نقل مکانی کرتے ہوئے ایران سے برصغیر میں وارد ہوئے تو بعض قبائل نے بلوچستان کے کوہستانوں میں بود و باش اختیار کرلی۔ مقصد یہ کہ بلوچی زبان قدیم فارسی اور ویدک زبان کی درمیانی کڑی ہے۔ اس کا کچھ ثبوت بلوچی زبان کے سرمایہ الفاظ کے مطالعہ سے بھی ملتا ہے۔ جیسا کہ ذیل کے خاکہ سے ظاہر ہے۔

فارسی	بلوچی	سنسکرت	اُردو
آب	آپ	اپس	پانی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	بدلی
مگس	مہسک	مکشکا	مکھی
گرگ	گوارک	کی کا	بھیڑیا
پائے	پاد	پد	پاؤں
باد	گوات	واتاہ	ہوا
خواب	واب	سواپ	نیند
بود	بوت	بھوت	ماضی
پدر	پت	پتری	باپ
مادر	مات	ماتر	ماں
شب	شپ	شپا	رات

کشمیری

: کشمیر میں بھی لسانی تاریخ بہت پرانی ہے۔ حجری دور کے وادی سوپور میں نسانی آبادی کے آثار ملے ہیں۔ اسی دور کے نسانی آثار وادی کشمیر میں بھی برآمد ہوئے ہیں۔

شروع سے ہی وادی کشمیر امن و سکون کا گہوارہ سمجھی جاتی رہی ہے۔ جب آریا لوگ برصغیر میں وارد ہوئے تو ان کے رشی منی ریاضت کرنے اور روحانی تسکین حاصل کرنے کے لیے کشمیر کی مرغزاروں اور برف پوش چوٹیوں، شفاف چشموں اور جھیلوں کی گود میں پناہ لیتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ آج بھی کشمیر میں جگہ جگہ ہندو مندر موجود ہیں جن کی ابتدا تاریخ کے دھندلکوں میں جا کر گم ہو جاتی ہے۔

آریاؤں کے بعد یوں کہیے کہ بدھمت دور کے بعد جب بدھ مذہب کو عروج حاصل ہوا تو بدھ بھکشوؤں نے بھی تبلیغ اور روحانی تسکین کے لیے کشمیر کے کوہساروں کا رخ کیا۔ جب مسلمان آئے تو یہی سرزمین صوفیوں اور صاحب کمال درویشوں کی پناہ گاہ بنی رہی۔ وادیٔ کشمیر کو یہ خصوصیت بھی حاصل ہے کہ یہاں روحانیت کی شمع کو ریشی اور صوفیوں نے روشن رکھا اور آج ان کے نام کشمیری ادب میں روشن ستاروں کی طرح جگمگا رہے ہیں۔ ان میں للہ عارفہ، حبہ خاتون، روپا بھوانی اور رنی مال خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

محققین کی رو سے کشمیری زبان ہند آریائی کے دردی گروہ سے تعلق رکھتی ہے۔ شنا، ستنانی، کھوار، کوہستانی، کھووار اسی دردی گروہ کی دوسری مشہور شاخیں ہیں۔ برصغیر کے دوسرے حصوں کی طرح ہندو اور بدھ مت کے عہد میں وادی کشمیر میں بھی سنسکرت کا عمل دخل ہوتا تھا۔ جب مسلمان وادی میں داخل ہوئے تو سنسکرت پنڈت سرپرستوں سے محروم ہونے کی بنا پر سندھ کی طرف نکل گئے اور ختم ہو گئی۔ اس کی جگہ عربی، فارسی زبانوں نے سنبھالی۔ یہی وجہ ہے کہ کشمیری زبان کا احیا اسلامی عہد سے تعلق رکھتا ہے اور کشمیری ادبیات کا تمام تر سرمایہ اسلامی عہد کی یادگار ہے۔

گو کہ مروجہ نظریات کی رو سے کشمیری زبان کو ہند آریائی گروہ کی شاخ مانا جاتا ہے۔ لیکن اس میں آریوں سے قبل کے لسانی عنصر کو نظرانداز کر دیا گیا ہے جہاں ہم کشمیری عنصر کا خاکہ پیش کرتے ہیں جو کہ ساخت کے لحاظ سے سنسکرت کی نسبت دراوڑی گروہ سے زیادہ قریب نظر آتی ہے۔ جیسے کہ :

اردو	سنسکرت	کشمیری	کنڑی
میں	اہم	بہ	آن
میرا	مام	میون	ناتادو
تو	توام	ژہ	نی نو
تیرا	توا	چون	نینادو
تم	یوام	ژہ	نی دو
تمہارا	یشماکم	چیون	نمادو
وہ	ساہ	سُہ	اون
اس کا	تسیاہ	تاسوندو	اوانادو

مزید تقابلی جائزہ کے لیے ملاحظہ ہو سندھی زبان۔

کشمیری زبان کی ضرب الامثال کے مطالعہ سے اس کی اردو اور پنجابی زبان کے محاوروں سے ہم آہنگی کا ایک واضح ثبوت ملتا ہے۔ مثلاً

(۱) کشمیری : آبک آبس تہ دودک دودس

ترجمہ : پانی پانی میں مل گیا اور دودھ دودھ میں

اردو : دودھ کا دودھ پانی کا پانی

(۲) کشمیری : بسن پہرن خواب محلن ہند

ترجمہ : بسنا جھونپڑیوں میں اور خواب دیکھنا محلوں کے

پنجابی : سونا روڑیاں تے، سفنے محلاں دے

اردو : سونا کوٹھے کوٹھڑی پر اور خواب محلوں کے

(۳) کشمیری : گھر گٹہ تہ مشیدہ زونگ

ترجمہ : گھر میں اندھیرا اور مسجد میں چراغ جلانا

اردو پنجابی : گھر نہیں دانے اماں چلی بھنانے

(۴) کشمیری : شال ژیتھ ٹھِن لور

ترجمہ : گیدڑ بھاگ گیا مگر لاٹھی کو پیٹنا

اردو : سانپ نکل جانے کے بعد لکیر کو پیٹنا

(۵) کشمیری : نامل نہ نٹ مال چھم ناگ

ترجمہ : بدن پر چیتھڑے نہیں نام پھولوں کی مالا

عربی	اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ظالم	ظالم	جالم	ظالم	ظالم	ظالم	ظالم	ظالم
عبادتہ	عبادت	عبادوت	ذکر	عبادت	عبادت	عبادت	عبادت
عدالتہ	عدالت	عادالوت	عدالت	عدالت	عُدالت	عدالت	عدالت
غریب	غریب	گوریب	گریب	غریب	غریب	غریب	غریب
غلام	غلام	گولام	گلام	غلام	غلام	غلام	غلام
لحف	لحاف	لیپ	لیپ	بڑستن	لیف	سوڑ	لیف

فارسی کے اثرات

فارسی	اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
ہزار	ہزار	ہازار	ہزار	زر	ہزار	ہزار	ساس
طنبور	طنبور	طونبور	دنبورگ	تنبور	طنبورا	طنبورو	طنبور
کاغذ	کاغذ	کاگوج	کاگد	کاغذ	کاغذ	کاغذ	کاغذ
گلاب	گلاب	گولاب	گلاب	گلاب	گلاب	گلاب	گلاب
موسم	موسم	موشوم	موسم	موسم	موسم	موسم	موسم
مزد	مزدوری	موجوری	مُزد	مزدوری	مزدوری	مزدوری	مزدور
وطن	وطن	وطن	وطن	وطن	وطن	وطن	وطن
ہوا	ہوا	ہاوا	گوات	ہوا	وا	ہوا	ہوہ
یادگار	یادگار	یادگار	آدگار	یادگار	یادگار	یادگار	یادگار

مغربی اثرات

پرتگیزی	اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
صاباؤن	صابن	شابان	سابون	صابون	صابن	صابن	صابن
کپتان	کپتان	کاپتان	مات	کپتان	کپتان	کپتان	کپتان
فیتا	فیتا	پھیتا	پیتا	فیتا	پھیتا	فیتو	فیتا
لیلاؤں	نیلام	نیلام	ییلام	نیلام	نیلام	نیلام	نیلام

یونانی							
کانون	قانون	کانون	قانوہ	قانون	قانون	قانون	قانون
کلموس	قلم	کولوم	قلم	قلم	قلم	قلم	قلم

یونانی	اردو	بنگلہ	بلوچی	پشتو	پنجابی	سندھی	کشمیری
پھانوش	فانوس	فانوس	پانوس	فانوس	فانوس	فانوس	چار
کفن	کفن	کوفون	کپن	کفن	کپھن	کفن	کفن
ہنگری							
کوشی	کوچوان	کوچوان	کوچیان	کوچوان	کوچوان	کوچوان	ٹانگہوول
انگریزی							
ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر	ڈاکٹر
ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون	ٹیلیفون
ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل	ہوٹل

یہ جو چند ایک مثالیں پیش کی گئی ہیں، اس سے ظاہر ہے کہ پاکستان کی مختلف زبانیں ایک دوسری سے اتنی دور نہیں جتنا کہ عام طور پر انہیں سمجھا جاتا ہے۔ مشکل یہ ہے کہ ہم نے کبھی ایک دوسرے کی زبان کو سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ ورنہ غیریت کی یہ دیوار ہمارے درمیان کبھی حائل نہ ہوتی۔ میرا خیال ہے کہ اس پہلو میں "ہفت زبانی لغت" سب سے پہلا اور صحیح قدم ہے۔ باوجود اپنی بعض خامیوں اور تنگ دامنی کے یہ پاکستان کے مختلف باشندوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں ممد و معاون ثابت ہوگی۔ اور اس کاوش کا سب سے بڑا مقصد بھی شاید یہی ہے۔

میں پروفیسر مارجینسٹاین (G Morgenstierane) (اوسلو یونیورسٹی ناروے) کے ان الفاظ پر اپنی بات ختم کرتا ہوں: "میں ابھی ابھی سوئٹزرلینڈ سے لوٹا ہوں۔ یہ ایک قابل تحسین امر ہے کہ وہاں چار مختلف زبانیں یعنی جرمن، فرانسیسی، اطالوی، اور رومانشی ایک دوسری کے دوش بدوش پھل پھول رہی ہیں اور اس سے سوئیس (Swiss) قوم کے اتحاد اور حب الوطنی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مجھے کامل یقین ہے کہ دنیا کی وہ قومیں جن میں کئی زبانیں مروج ہیں، سوئٹزرلینڈ کی اس قابل تقلید مثال سے افادہ حاصل کر سکتی ہیں۔"

(Prof. G. Morgenstierane : The Baluchi Language
Pakistan Quarterly Vol. XVII No 1)

عین الحق
فرید کوٹی

انسائیکلوپیڈیا
جلدوں میں زیرِ طبع)
جلد شائع ہو چکی ہے
مرکزی اردو بورڈ